# 05-04-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆بی آر ایس صدر چندر شیکھر راؤ نے ریاستی حکومت سے متاثرہ کسانوں کو پچیس ہزار روپے فی ایکر کے حساب سے معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔

☆ تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ریاست میں پانی کا بحران پایا جارہا ہے۔

☆ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے میونسپل کمشنرس اور ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسروں کو ہدایت دی کہ وہ رائے دہندوں کی شمولیت کو بڑھانے کے لئے بوتھ سطح پر لائحہ عمل تیار کرے۔

☆ ریاست کے مختلف اضلاع بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول کے بعض مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر و تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ملک کو دنیا کی تیسری بڑی معیشت بنانے کا نصب العین رکھتے ہیں۔ سکندرآباد پارلیمانی حلقہ کے عنبر پیٹ میں انتخابی مہم کے دوران کشن ریڈی نے ووٹ کی اہمیت اور انتخابی مراحل کے بارے میں بات کی۔ ڈاکٹر عبدالکلام کا حوالہ دیتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ووٹ ہمارا بنیادی حق ہے۔ انہوں نے آریہ ویشیا طبقہ کی سماج میں خدمات کی ستائش کی۔ مرکزی وزیر نے رام مندر کے معاملہ پر کانگریس کے موقف پر تنقید کی۔ انہوں نے رام مندر کی تعمیر میں وزیر اعظم کے کردار کی ستائش کی۔

☆☆☆☆☆

مشہور تلگو نیوز ریڈر شانتی سروپ نہیں رہے۔ انہوں نے آج ایک کارپوریٹ اسپتال میں علاج کے دوران آخری سانس لی۔ وہ پچھتر برس کے تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ اور دو فرزندان شامل ہیں۔ دل کے امراض کے علاج کیلئے انہیں دو دن پہلے اسپتال میں شریک کرایا گیا تھا۔ شانتی سروپ کو تلگو کے پہلے نیوز ریڈر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ وہ ٹیلی پرومٹر کے بغیر نیوز پڑھتے تھے۔ انہوں نے نومبر 1983 میں دوردرشن سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ سال 2011 میں وہ دوردرشن سے ریٹائرڈ ہوئے۔ نیوز ریڈینگ کیلئے انہیں کارنامہ حیات ایوارڈ سے بھی سرفراز کیا گیا تھا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے شانتی سروپ کی موت پر دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ تلگو نشریات میں ان کی غیر معمولی خدمات رہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے مختلف اضلاع بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول کے بعض مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست تلنگانہ میں آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ اتوار کے روز تلنگانہ کے بعض اضلاع عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کاماریڈی میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے میونسپل کمشنرس اور ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسروں کو ہدایت دی کہ وہ رائے دہندوں کی شمولیت کو بڑھانے کے لئے بوتھ سطح پر لائحہ عمل تیار کرے۔ انہوں نے شہری علاقوں اور دیہی علاقوں کے لئے علحدہ حکمت عملی تیار کرنے کی ہدایت دی۔ چیف الیکشن کمشنر نے آج نئی دہلی میں منتخب اضلاع کے میونسپل کمشنرس اور ڈسٹرکٹ الیکشن افسرس کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس دوران لوک سبھا انتخابات کے موقع پر رائے دہندوں کے فیصد میں اضافہ پر غور کیا گیا۔ راجیو کمار نے کہا کہ 215 دیہی اور 51 شہری پارلیمانی حلقوں کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں پر رائے دہی کا فیصد کافی کم رہتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حلقوں میں ووٹنگ کے فیصد میں اضافہ کیلئے بااثر شخصیات کے ذریعہ رائے دہندوں کو ترغیب دلانے کے علاوہ درکار دیگر ضروری اقدامات کرنے کی شرکاء کو ہدایت دی۔ تلنگانہ سمیت سات ریاستوں کے سی ای او اور حیدرآباد کے میونسپل کمشنر نے بھی اس اجلاس میں شرکت کی۔

ریزروبینک آف انڈیا کی مالیاتی پالیسی کمیٹی نے مسلسل ساتویں مرتبہ ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔آر بی آئی گورنر شانتی کانتا داس نے آج مالیاتی پالیسی کا اعلان کیا اور کہا کہ ریپوریٹ 6.5 فیصد برقرار رہے گا۔انہوں نے کہا کہ جاریہ مالیاتی سال کے دوران جی ڈی پی شرح سات فیصد جبکہ سی پی آئی شرح 4.5 فیصد رہ سکتی ہے۔آر بی آئی گورنر نے کہا کہ ملک کے فارن ایکسچینج ریزرواب تک کی بلند سطح پر پہنچ گئے ہیں اور 29 مارچ 2024 تک 645.6 بلین ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رواں سال عالمی تجارت میں بہتری کی امید ہے۔گورنر نے مزید کہا کہ سرمایہ میں اضافہ ہو رہا ہے اور غیر منظّم شعبہ بھی بہتر کارکردگی انجام دے رہے ہیں۔عالمی تناظر کا ذکر کرتے ہوئے آر بی آئی گورنر نے کہا کہ ابھرتی معیشتوں میں قرض کی شرح میں اضافہ تشویش کا سبب ہے۔

☆☆☆☆☆

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن نے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں کو ہدایت جاری کی کہ وہ ذہنی صحت کی ٹال فری ہیلپ لائن کے بارے میں طلبہ میں بیداری پیدا کریں۔کمیشن نے اس ضمن میں تمام یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرس اور کالجس کے پرنسپلس کو ایک سرکولر جاری کیا۔سرکولر میں کمیشن نے کہا کہ وزارت صحت کی ٹیلی مانس مینٹل ہیلتھ ہیلپ لائن سے طلبہ کو فائدہ ہو رہا ہے۔واضح رہے کہ سال 2022 میں ذہنی صحت کے عالمی دن کے موقع پر مرکزی وزارت صحت وخاندانی بہبود نے ٹیلی مانس ہیلپ لائن جاری کی تھی۔

☆☆☆☆☆

چوبیس گھنٹوں کے اندر دو کسانوں کو ہلاک کرنے والے ہاتھی کو کومارم بھیم آصف آباد کے پلے پرکرتی وانم میں دیکھا گیا۔جس کے بعد مقامی لوگوں میں خوف وہراس پایا جارہا ہے۔کہا جارہا ہے کہ ہاتھی بیتی شب میڈے گڈہ، کتہ گوڑہ، اگرگوڑہ مواضعات کو پار کرتے ہوئے کمرگاؤں پہنچا ہے۔محکمہ جنگلات کے دو عہدیداروں نے ہاتھی کی موجودگی کی اطلاع دی۔عہدیدار ہاتھی کے پیروں کے نشانات کی مدد سے وہاں تک پہنچے۔اس دوران چھ ماہرین کی ایک ٹیم مہاراشٹرا سے بلائی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ریاست میں پانی کا بحران پایا جارہا ہے۔حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں اس وقت پانی کا شدید بحران ہے لیکن اس کے باوجود حکومت اس مسئلہ کو حل کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات نہیں کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی نااہلی کے سبب لوگوں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔مرکزی وزیر نے مزید کہا کہ ملک میں برقی کی کوئی قلت نہیں ہے لیکن کانگریس حکومت کے ناکافی اقدامات کی وجہ سے یہاں برقی کا بحران پایا جارہا ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت سو دن مکمل ہونے کے بعد بھی اپنے اعلان کردہ چھ ضمانتوں پر عمل کرنے میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کو عوام سے ووٹ مانگنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس سربراہ چندرشیکھر راؤ نے کہا کہ وہ بہت جلد کسانوں کے ساتھ میڈہ گڈہ بیاریج پر دھرنا منظّم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ کانگریس حکومت کسانوں کے لئے ناکام ہوگئی ہے۔بی آر ایس کسانوں کے مفادات کیلئے جدوجہد کرے گی۔کریم نگر کے مگدم پور میں فصلوں کو ہوئے نقصان کا جائزہ لینے کے بعد کے سی آر نے کسانوں سے تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے ریاستی حکومت سے متاثرہ کسانوں کو پچیس ہزار روپئے فی ایکر کے حساب سے معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔اس موقع پر چندرشیکھر راؤ نے کھیتوں میں گھوم پھیر کر وہاں کسانوں کو دستیاب سہولیات، پانی کی دستیابی اور مختلف فصلوں کے بارے میں دریافت کیا۔

☆☆☆☆☆

سابق نائب وزیراعظم بابوجگجیون رام کو ان کے 117 ویں یوم پیدائش کے موقع پر بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ریاست بھر میں مختلف پروگرامس منعقد کئے گئے اور سماج کی فلاح وبہبود اور سماج کے کمزور طبقات کیلئے کی گئی بابوجگجیون رام کی خدمات کو یاد کیا گیا۔مرکزی وزیر و تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے نظام کالج گراؤنڈ پر بابوجگجیون رام کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے جگجیون رام کی خدمات کو اجاگر کیا۔بابوجگجیون رام نے دلت طبقہ کیلئے خاص طور پر 1977 کے دور میں نمایاں خدمات انجام دیں۔

☆☆☆☆☆